فوری ریلیز کے لیے: 21/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے 2,000 میگاواٹس یا اس سے زیادہ بڑے پیمانے والے قابل تجدید توانائی پراجیکٹس کے لئے نئی مسابقتی بولیاں طلب کرنے کا اعلان کر دیا

اس عمل کی تکمیل کے بعد منظور شدہ پراجیکٹس نیویارک کے کم از کم 600,000 گھروں کو بجلی فراہم کر سکیں گے

پوری ریاست میں قابل تجدید توانائی کے فی الوقت جاری پراجیکٹس نیویارک کے 5.5 ملین گھروں کو بجلی فراہم کریں گے

اس پیشرفت سے صاف توانائی کی مد میں تقریباً 3$ بلین کی سرمایہ کاری متوقع ہے جبکہ 'سبز معیشت' میں گھرانوں کی کفالت کرنے والی 2,000 سے زائد ملازمتیں پیدا ہوں گی

2030 تک پوری ریاست میں 70 فیصد بجلی قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کے ہدف کی جانب پیشرفت میں تیزی آئے گی جسا سے ریاست صفر اخراج والے گرڈ کی راہ پر گامزن ہوگی

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک کے 2,000 میگاواٹس یا اس سے زیادہ بڑے پیمانے والے قابل تجدید توانائی پراجیکٹس کے لئے نئی مسابقتی بولیاں طلب کرنے کا اعلان کیا۔ ان پراجیکٹس میں نیویارک کے کم از کم 600,000 گھروں کو بجلی فراہم کرنے اور نجی قابل تجدید توانائی ڈویلپرز کے لئے ٹھیکوں کے ریاستی مواقع کی متوقع رفتار کو برقرار رکھنے کی استعداد ہوگی۔ منتخب ہونے کے بعد، ان پراجیکٹس کی تعمیر و ترقی سے صاف توانائی کی مد میں تقریباً 3$ بلین کی سرمایہ کاری متوقع ہے جبکہ 'سبز معیشت' میں گھرانوں کی کفالت کرنے والی 2,000 سے زائد ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ گرڈ میں مزید صاف توانائی لانے سے سنہ 2030 تک پوری ریاست میں 70 فیصد بجلی قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کے نیویارک کے ہدف کی جانب پیشرفت میں تیزی آئے گی۔

"قابل تجدید توانائی ہمارے برقی گرڈ کو صاف کرنے والے نیویارک کے پر عزم ہدف کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتی ہے اور انڈسٹری کو نیویارک کے تمام باسیوں کے مفاد میں ہماری صاف توانائی کی جانب منتقلی والے عمل میں شامل ہونے کی ایک قابل اعتماد راہ پیش کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان منصوبوں کی تعمیر کے لئے تشکیل شدہ مضبوط پبلک پرائیویٹ شراکت داری ہمیں نہ صرف آب و ہوا کی تبدیلی کے خلاف ہماری لڑائی میں اخراج کو نمایاں طور پر کم کرنے کا موقع دے گی بلکہ اس کے نتیجے میں ہزاروں نئی سبز ملازمتیں، معاشی نمو کی مد میں اربوں ڈالرز، اور مقامی کمیونٹیز میں نجی سرمایہ کاری کو بھی شامل کرے گی۔"

آج کے اس اقدام کے ذریعے نیویارک پورے امریکہ میں اپنے سب سے زیادہ پرعزم ریاستی ایجنڈے میں مزید تیزی لا رہا ہے، جس میں 120 سے زائد نئے زمینی قابل تجدید توانائی کی سہولیات کے ساتھ معاہدے کیے جا رہے ہیں جن میں شمسی فارمز، ساحل پر قائم ہوائی فارمز، اور پن بجلی کی سہولیات شامل ہیں - جن میں سے کچھ کو توانائی کی ذخیرہ کاری کے ساتھ بھی منسلک کیا گیا ہے۔ اس ٹینڈر کے ذریعے منتخب کردہ پراجیکٹس سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ سالانہ قابل تجدید بجلی کے تقریبا 4.5 ملین میگاواٹ گھنٹے پیدا کریں گے، اتنی قابل تجدید توانائی جو کاربن کے اخراج میں 2 ملین میٹرک ٹن کی کمی کرے گی - یعنی سالانہ سڑکوں سے نصف ملین کاروں کو ہٹانے کے برابر۔

NYSERDA کو توقع ہے کہ وہ 2023 کے موسم بہار تک منظور شدہ ڈویلپرز کو اطلاع دے گا۔ ان پراجیکٹس کو ادئیگیاں اس وقت تک نہیں کی جائیں گی جب تک وہ تمام لازمی پرمٹ اور منظوریاں حاصل نہیں کر لیتے اور نیویارک کو بجلی فراہم کرنے کے لئے آپریشنل نہیں ہو جاتے۔

ریاست نیویارک کی انرجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی صدر اور CEO ڈورین ایم حارث نے کہا، "اس سال کے شروع میں ایک تاریخی ایورڈ گروپ کے بعد نیویارک اب پوری قوت سے آگے بڑھ رہا ہے اور ہمارا عزم ہے کہ پوری ریاست میں قابل تجدید توانائی کے بڑے پیمانے والے مزید پراجیکٹس تعمیر کریں تاکہ ریاست کا قابل تجدید توانائی کا ہدف حاصل ہو جائے اور ہم اس سے مزید بڑے کام کریں۔ گورنر Hochul کا عزم مصمم ہے مقامی کمیونٹیز بھی ان پراجیکٹس کی تعمیر و ترقی میں اپنی آواز شامل کریں، اور NYSERDA منتخب ڈویلپرز کے ساتھ کام کرنے اور میونسپلٹیوں کی میزبانی کرنے کی منتظر ہے تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ ان پراجیکٹس کو ذمہ دارانہ طور پر آگے بھی بڑھایا جائے اور مستحکم کمیونٹی اور اقتصادی فوائد بھی حاصل ہوں۔"

اس طلبی میں قابل توجہ دفعات شامل ہیں، تاہم صرف ان تک محدود نہیں ہیں:

- ان منصوبوں کے مثبت جائزے کے ذریعے پسماندہ کمیونٹیز کے لئے روزگار کے ایسے مواقع اور فوائد پیدا کرنا جو مدتوں پسماندگی کا شکار رہنے والی ان کمیونٹیز کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں، اور افرادی قوت کو ترقی دینے کے عزم اور مزدوروں اور تجارتی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی پر زور حوصلہ افزائی کرنا۔
- New York Buy American Act کے مقاصد کی پابندی کرتے ہوئے مقامی تیار کردہ فولاد کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرنے کی خاطر تمام پراجیکٹس کے لیے امریکی لوہے اور فولاد کی خریداری کی کم از کم مقدار کو لازمی قرار دینا اور ڈویلپرز کو پابند کرنا کہ وہ قابل تجدید توانائی کی انڈسٹری میں حصی ڈالنے کے لئے امریکہ کے مقامی فولاد تیار کنندگان کو مواقع فراہم کریں۔
- لازمی قرار دینا کہ کسی بھی ایوارڈ شدہ سہولت کی تعمیر میں شامل کارکنوں اور مزدوروں کو قانون کے مطابق اجرتیں ادا کی جائیں تاکہ تعمیراتی معیار بھی قائم رہے اور نیویارک کے باشندوں کے لئے خاندان کی کفالت والی ملازمتیں بھی یقینی بنیں۔
- ایسے ڈویپلرز کی حوصلہ افزائی کرنا اور انہیں ترجیح دینا جو ریاست نیویارک کی Minority- and Women-Owned Business Enterprises (MWBEs) اور Service-Disabled Veteran-Owned Businesses (SDVOBs) کی خدمات استعمال کرنے کی پکی یقین دہانی کروائیں۔
- بولی دہندگان کو تنبیہ کرنا کہ وہ اعلی درجے والی زرعی زمینوں پر ڈویلپمینٹ کرنے سے گریز کریں، اور پکے وعدے کریں کہ وہ جاری زرعی سرگرمیوں کی معاونت بھی کریں گے اور علاقائی زرعی آپریشنز کی معاونت کے لئے رقوم بھی دیں گے۔
- یقینی بنانا کہ جو کمیونٹیز کامیاب بولی دہندگان کے پراجیکٹس کی میزبانی کریں گی انہیں ترقیاتی کاروائیوں میں بھرپور شمولیت ملے، اور یہ کہ بولی دہندگان اس بات کا پکا ثبوت دیں کہ وہ کمیونٹی کی سرگرمیوں میں باقائدگی کے ساتھ شامل بھی ہوتے ہیں اور انہیں اپنے ساتھ شامل بھی رکھتے ہیں۔
- ایسی بولیوں کی حوصلہ افزائی جاری رکھنا جو قابل تجدید توانائی کو توانائی ذخیرہ کرنے والی ٹیکنولاجیز کے ساتھ مؤثر طور پر منسلک رکھیں، بشمول ان تجاویز کا ترجیحی جائزہ لینے کے جن کے پاس ریاست کے ان علاقوں پر سٹوریج سہولیات موجود ہوں جہاں بنیادی طور پر قدیم یا فرسودہ اشیاء ہیں تاکہ آلودگی کے ان شدید اثرات کا تدارک کیا جا سکے جو پسماندہ کمیونٹیز غیر متناسب طور پر برداشت کرتی رہی ہیں۔

اہل منصوبوں میں ایسے بڑے پیمانے والے قابل تجدید منصوبے شامل ہیں جن کی تصدیق بطور Tier 1 قابل تجدید ٹیکنالاجی کی جا سکتی ہو اور جنہوں نے 1 جنوری، 2015 سے آپریشن شروع کیا ہو۔ حصہ لینے والے ایسے پراجیکٹس جنہوں نے ابھی تک آپریشن شروع نہیں کیا ہے انہیں ثبوت دکھانا ہوگا کہ وہ مئی 2025 تک تجارتی آپریشن تک شروع کر سکتے ہیں، جس میں مئی 2028 تک توسیع کا اختیار موجود ہے۔

دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان [NYSERDA's Tier 1 Solicitations ویب صفحے] پر درخواست دے سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے کی اہلیت درخواستیں 16 نومبر، 2022 کو سہ پہر 3:00 بجے ET تک دی جا سکتی ہیں۔ اس طلبی کے متعلق مزید معلومات فراہم کرنے کے لیے 6 اکتوبر، 2022 کو صبح 1:00 ET بجے ایک ویبینار منعقد کیا جائے گا۔ ویبینار میں دلچسپی رکھنے والے [ویبینار رجسٹرین پیج پر سائن اپ کر سکتے ہیں] اور انکے لئے مشورہ ہے کہ وہ رجسٹر ہو کر RES@nyserda.ny.gov پر اپنے سوالات پیشگی ارسال کر دیں۔

ریاست نیویارک کے ڈپارٹمنٹ آف لیبر کی کمشنر روبرٹا ریئرڈن نے کہا، "قابل تجدید توانائی کی صنعت ایک پائیدار اور اچھی تنخواہیں لینے والی افرادی قوت تخلیق کرنے کا مستقبل ہے۔ نجی سرمایہ کاری مقامی کمیونٹیز میں زندگی کی تازہ لہر بھی دوڑائے گی اور ریاست نیویارک کی معیشت کو بھی فروغ دے گی۔ قابل تجدید توانائی کے یہ پراجیکٹس نیویارک کے باشندوں کے لئے ایک بہت بڑی جیت ہیں۔"

اب جبکہ ریاست اپنے 2030 کے قابل تجدید توانائی ہدف اور اس سے بھی آگے کی جانب گامزن ہے، تو یہ ان مقامات پر جہاں یہ پراجیکٹس بنائے جا رہے ہیں میزبان کمیونٹیز کے ساتھ شمولیت میں اضافہ کرنے اور اسے تقویت دینے پر کام کرنا بھی جاری رکھے گی۔ NYSERDA مقامی حکومتوں کو یہ سمجھنے میں مدد دینے کے لئے مفت وسائل اور تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے کہ ان کی کمیونٹیز میں صاف توانائی کی ترقی کا ذمہ دارانہ نظم و نسق کیسے کیا جائے، بشمول صاف توانائی کے نفاذ کی رہنمائی کے لئے مرحلہ وار ہدایات اور ٹولز جن میں پرمٹ حاصل کرنے کی کاروائی، پراپرٹی ٹیکس، سائٹ تیار کرنا، زون بنانا، اور مزید بہت کچھ شامل ہیں۔

اسمبلی ممبر مائکل کیوزیک نے کہا، "اب جبکہ نیویارک صاف توانائی کے اپنے اہداف پورے کرنے کی جانب تیزی سے گامزن ہے، میں گورنر Hochul کی تعریف کرنا چاہوں گا جنہوں نے یوٹیلٹی-سکیل کے قابل تجدید توانائی پراجیکٹس کے ایک اور عوامی موقع کا اجراء کیا جو یقینی بنائے گا کہ ریاست کی بجلی روز افزوں طور پر شمسی اور ہوائی ذرائع سے پیدا کی جائے۔ آج کے اعلان سے اس پیشرفت کو مزید رفتار ملے گی جب نجی سرمایہ کاری آئے گی اور پوری ریاست میں کمیونٹیز کے لئے سبز ملازمتوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔"

نیویارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز کی صدر جولی ٹیگھے نے کہا، "نیویارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز NYSERDA کی چھٹی مسابقتی طلبی کو سراہتی ہے جو قابل تجدید توانائی کے بڑے پیمانے والے اضافی پراجیکٹس کے لئے ہے۔ 2,000 گھرانوں کی کفالت کرنے والی متوقع ملازمتوں جو اس کے نتیجے میں پیدا ہوں گی گورنر Hochul کی معیشت کو سبز توانائی کے ذریعے فروغ دینے والی اس عمیق سوچ کا اظہار ہے جو نیویارک کے متوسط طبقے کے لئے کارآمد ہے، جبکہ اضافی 2،000 میگاواٹس کی صاف توانائی کا مطلب ہے کہ نیویارک صفر اخراج والے توانائی گرڈ کی طرف اپنا مستحکم مارچ جاری رکھے گا۔"

نیویارک سولر انرجی انڈسٹریز ایسوسئیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر زیک ڈوفرینس نے کہا، "NYSEIA کو انتہائی مسرت ہے کہ ریاست نیویارک اپنے وعدوں کو احسن طریقے سے پورا کر رہی ہے جو انہوں نے قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے ذریعے ایک شفاف اور مزید پائیدار الیکٹرک گرڈ کی تعمیر کے لئے کیے تھے۔ NYSERDA کے ذریعے عطا کردہ صاف توانائی پراجیکٹس کی شفاف طلبی کے ذریعے ہماری ریاست میں 12,000 سے زیادہ شمسی ملازمتیں پیدا ہوں گی، مقامی کمیونٹیز کے لئے سرمایہ کاری اور مواقع میں اضافہ ہوگا، اور ریاست کے پرعزم CLCPA اہداف کی جانب ہماری پیشرفت میں تیزی آئے گی۔ ہم گورنر Hochul کی قیادت اور نیویارک کی ایگزیکٹو ایجنسیوں کی کوششوں کے لئے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے باہم مل کر ہماری آئندہ نسلوں کے لئے ایک شفاف مستقبل کی تعمیر کے لئے احسن اقدامات کیے۔"

الائنس فار کلین انرجی نیویارک کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر این رینالڈز نے کہا، "نیویارک کا یہ موزوں ترین اقدام ہے کہ انہوں نے Climate Week NYC کے دوران ہوائی قوت اور شمسی قوت کے پراجیکٹس کے لئے ٹینڈر جاری کیے، کیونکہ نیویارک میں ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کی بنیاد لئے نئے قابل تجدید توانائی پراجیکٹس پر ہے۔ صارف توانائی کے ڈویلپرز اب نیویارک میں ایک طویل المیعاد ٹھیکا حاصل کرنے کے لئے آپس میں مقابلہ کریں گے۔ اس طرح، سب سے بہتر قیمت والے اور سب سے بہتر ڈیزائن والے پراجیکٹس جیتیں گے اور تعمیر ہوں گے، جس سے نیویارک کے شہریوں کے لئے تعمیری ملازمتیں اور صاف بجلی پیدا ہو گی۔"

منتخب ہونے کے بعد یہ پراجیکٹس نیویارک کے بڑے پیمانے والے شاندار قابل تجدید توانائی منصوبوں کی پائپ لائن میں ایک عظیم اضافہ ہوں گے، جن سے توقع ہے کہ وہ تکمیل کے بعد 14,200 میگا واٹس صاف بجلی گرڈ میں شامل کریں گے - یعنی اتنی بجلی جو نیویارک کے پچپن لاکھ گھروں کے لئے کافی ہو جائے گی۔ نئی سبز انرجی ٹرانسمیشن کی تعمیر کا یہ ریاستی عزم، جس کی قیادت ریاست میں پہلے سے جاری 250 میل کے نئے بڑے اپ گریڈز کر رہے ہیں، اور Clean Path New York اور Champlain Hudson Power Express کی ٹرانسمیشن لائنیں جن کی منظوری اپریل میں دی گئی تھی، یہ امر یقینی بنائیں گے کہ آپریشنل ہونے کے بعد نیویارک کی قابل تجدید بجلی کی موجودہ پائپ لائن کا 66 فیصد سے زیادہ حصہ قابل تجدید ذرائع پر مشتمل ہوگا۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418